# دی ہوپ

## QUALITY EDUCATION WITH QUALITY MATERIAL

# گیس پیپرز 2024ء

# اُردو

## برائے جماعت دھم

نئے نصاب اور نئے پیپر پیٹرن کے عین مطابق

# 1۔ حمد (حفیظؔ جالندھری)

## اہم معروضی سوالات

☆: نظم ''حمد'' کے متن کی روشنی میں درست جواب پر نشان (✓) لگائیں۔

1۔ نظم ''حمد'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(A) احسان دانش (B) جمیل الدین عالی ✓(C) حفیظ جالندھری (D) جوش ملیح آبادی

2۔ کائنات کا وجود اللہ تعالیٰ کے:

(A) احکامات کا نتیجہ ہے (B) چاہنے کا نتیجہ ہے ✓(C) حرفِ کُن کا نتیجہ ہے (D) ارادے کا نتیجہ ہے

3۔ نظامِ آسمانی اور بہارِ جاودانی میں کون سی بات مشترک ہے؟

✓(A) خالق ایک ہے (B) ردیف ایک ہے (C) دونوں کائنات کا حصہ ہیں (D) ایک ہی نظام کے عناصر ہیں

یا۔ نظامِ آسمانی اور بہارِ جاودانی میں کون سی بات مشترک ہے؟

✓(A) قافیہ ایک ہے (B) ردیف ایک ہے (C) معنی ایک ہے (D) نظام ایک ہے

4۔ یہ عالم اللہ تعالیٰ نے کس چیز سے بھر دیا ہے؟

(A) رنگ وبُو سے (B) مخلوقات سے (C) جمادات ونباتات سے ✓(D) کشاکش کی صدائے ہاؤ ہُو سے

5۔ ذاتِ باری تعالیٰ کی شان کہاں نظر آتی ہے؟

(A) سرد وگرم میں (B) خشک وتر میں (C) اُجالے اور تاریکی میں ✓(D) ان سب میں

6۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو فطرتِ اسلام پر پیدا کر کے کونسا اور احسان کیا؟

(A) رزق دیا (B) صحت وتندرستی دی ✓(C) اسمِ محمد ﷺ کا شیدا کیا (D) عقل وشعور کی دولت دی

## اہم مختصر سوالات

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر1: اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات کونسا لفظ کہ کر بنائی ہے؟ سوال نمبر2: اللہ تعالیٰ نے انسان کو کن نعمتوں سے نوازا ہے؟ چند ایک تحریر کیجئے۔

سوال نمبر3: اُجالے اندھیرے اور خشک وتر کس کے مظاہر ہیں؟ سوال نمبر4: حمد میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

سوال نمبر5: انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟

## اشعار کی تشریح

نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے
بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغ بانی سے

زمین پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے
بچھائے ہیں اُسی داتا نے دسترخوان نعمت کے

وہی ہے کائنات اور اس کی مخلوق کا خالق
نباتات و جمادات اور حیوانات کا خالق

وہی ہے خالق دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا
وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

☆☆☆☆☆☆

# 2۔ نعت (احسان دانش)

## اہم معروضی سوالات

☆: نظم ''نعت'' کے متن کی روشنی میں درست جواب پر نشان (✓) لگائیں۔

1۔ یہ نعت کس شاعر کا ہدیہ عقیدت ہے؟
(A) حفیظ جالندھری (B) حفیظ تائب ✓(C) احسان دانش (D) ماہر القادری

2۔ متن کے مطابق محبوب پروردگار کا پیغام کیا ہے؟
✓(A) اُصول محبت (B) غم گُساری (C) امانت داری (D) غریب نوازی

3۔ اب انسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا؟
(A) خدا تعالیٰ کا (B) حقائق کا (C) کائنات کا ✓(D) انسان کا

4۔ زمانے کو منزل کے مبارک ہونے کی نوید کیوں دی گئی ہے؟
(A) کامل رہنما کے آنے سے (B) غم گُسار کی آمد کی وجہ سے
(C) انساں کا عرفان ہونے سے ✓(D) اِک خضرِ صدرہ گزار کی آمد کی وجہ سے

5۔ پیغمبرِ ذی وقار کے چراغِ محبت کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟
(A) روشن تر ہوگا (B) ہمیشہ روشن رہے گا ✓(C) کبھی نہیں بجھے گا (D) اس کی روشنی اور پھیلے گی

6۔ بجھے گا نہ جس کا۔۔۔۔۔محبت:
✓(A) چراغ (B) چولہا (C) کینڈل (D) روشن دان

7۔ ۔۔۔۔۔ہو گیا ہے، قرار آ گیا ہے:
✓(A) سکون (B) اطمینان (C) اضطراب (D) یقین

8۔ اب انساں کو انساں کا۔۔۔۔۔ہوگا:
✓(A) عرفان (B) یقین (C) اعتماد (D) لحاظ

9۔ ۔۔۔۔۔کو اب اپنی منزل مبارک:
✓(A) زمانے (B) انسان (C) دوست (D) مسافر

## اہم مختصر سوالات

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔

سوال نمبر1: نعت کے پہلے شعر میں حضور ﷺ کی کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟ سوال نمبر2: دوسرے شعر کے مطابق کس کو سکون ملا ہے؟
سوال نمبر3: انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟ سوال نمبر4: شاعر کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیغام کیا ہے؟
سوال نمبر5: نعت کے آخری شعر میں خضر سے کون سی ہستی مراد ہے؟

## اشعار کی تشریح

دو عالَم کا مددگار آ گیا ہے — امین آ گیا، غم گسار آ گیا ہے
اب انسان کو انسان کا عرفان ہوگا — یقین ہو گیا، اعتبار آ گیا ہے

☆☆☆☆☆☆

## 3۔ مرزا محمد سعید (شاہد احمد دہلوی)

### اہم معروضی سوالات

☆: متن کی روشنی میں درست جواب پر نشان (✓) لگائیے۔

1۔ سبق ''مرزا محمد سعید'' کس ادیب کی تحریر ہے؟
(A) نذیر احمد دہلوی ✓(B) شاہد احمد دہلوی (C) اشرف صبوحی (D) مولوی عبدالحق

2۔ مرزا محمد سعید کی عزیز داری کس شخصیت سے تھی؟
✓(A) سرسیّد احمد خاں (B) شیخ عبدالقادر (C) شاہد احمد دہلوی (D) مشتاق احمد زاہدی

3۔ مرزا محمد سعید کے بقول انسان کس لیے کام کرتا ہے؟
(A) شہرت (B) دولت (C) عزت اور وقار ✓(D) شہرت اور دولت

4۔ مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کون سی ڈگری لی؟
(A) بی۔اے (B) ایم۔اے تاریخ ✓(C) ایم۔اے انگریزی ادب (D) ایم۔اے اردو ادب

5۔ محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟
(A) ڈاکٹر تاثیر (B) پطرس بخاری ✓(C) فیض احمد فیض (D) حمید احمد خاں

6۔ پروگرام ''دانش کدہ'' میں کتنے دانشور بلائے جاتے تھے؟
✓(A) چار (B) تین (C) دو (D) سات

7۔ مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے؟
(A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے پر ✓ (C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

8۔ اردو ادب کی معرکتہ الآرا کتاب ''مذہب اور باطنیت''............کی تحریر ہے۔
✓(A) مرزا محمد سعید (B) جمیل الدین عالی (C) شاہد احمد دہلوی (D) اشرف صبوحی

9۔ مرزا محمد سعید کے استاد رہے۔
(الف) پطرس (ب) محمود نظامی ✓(ج) علامہ محمد اقبالؒ (د) حامد علی خان

10۔ اپنی تحریروں سے علی گڑھ کو دنیا میں معروف کرنے والے ادیب ہیں
✓(الف) سرسید احمد خاں (ب) مولوی عبدالحق (ج) رشید احمد صدیقی (د) ظہیر احمد صدیقی

### اہم مختصر سوالات

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔

سوال نمبر1: مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟ سوال نمبر2: لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا رویہ کیسا تھا؟ سوال نمبر3: مرزا صاحب کی معرکتہ الآرا کتاب کا نام اور مرتبہ بیان کیجیے۔ سوال نمبر4: مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟ سوال نمبر5: مرزا صاحب نے کس کالج میں تدریس کے فرائض انجام دیئے؟ سوال نمبر6: مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟ سوال نمبر7: مصنف کے پروگرام ''دانش کدہ'' میں شرکت کی درخواست پر مرزا صاحب نے کیا جواب دیا؟ سوال نمبر8: مرزا محمد سعید کا حلیہ بیان کیجیے۔ سوال نمبر9: مرزا صاحب

کے دونوں ناولوں کے نام تحریر کریں۔

## ﴿اہم پیرا گراف﴾

**پیرا گراف نمبر ۱:** صبح اخباروں میں یہ خبر پڑھ کر دل دھک سے رہ گیا کہ پروفیسر مرزا مرزا محمد سعید کا آج سوئم ہے۔خاموش زندگی! خاموش موت! مرزا صاحب کی علالتِ مزاج یا مرض الموت کی اطلاع اس سے پہلے کہیں سے نہیں ملی۔حد یہ کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور اُن کے سیکڑوں دوستوں اور قدر دانوں کو اس سانحۂ ارتحال کی خبر تک نہ ہوئی۔

**پیرا گراف نمبر ۲:** عالِم کی موت عالَم کی موت ہوتی ہے۔ابھی ہم کو اس کا اندازہ نہیں ہوسکتا کہ مرزا صاحب کے رخصت ہو جانے سے ہمارا کتنا نقصان ہو گیا ہے۔اب ان کی عدم موجودگی رہ رہ کر ہمیں ان کی یاد دلائے گی اور وقت کے ساتھ اُن کی جدائی کا گھاؤ بڑھتا چلا جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆

# 4۔ نظریۂ پاکستان (ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں)

## ﴿اہم معروضی سوالات﴾

☆: متن کی روشنی میں درست جواب پر نشان (✓) لگائیں۔

1۔ سبق ''نظریۂ پاکستان'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) ڈاکٹر سید عبداللہ ✓ (B) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں (C) سرسید احمد خاں (D) جمیل الدین عالی

2۔ اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں؟

**یا۔** مغل بادشاہ نورالدین محمد جہانگیر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس شخصیت نے قید و بند کی سختیاں جھیلیں؟

✓(A) حضرت مجدد الف ثانیؒ (B) شاہ ولی اللہؒ (C) سید احمد بریلویؒ (D) شاہ اسمٰعیل شہیدؒ

3۔ سید احمد بریلویؒ اور شاہ اسمٰعیلؒ کب شہید ہوئے؟

(A) ۱۸۲۱ء میں ✓ (B) ۱۸۳۱ء میں (C) ۱۸۴۱ء میں (D) ۱۸۸۷ء

4۔ کانگریس کب قائم ہوئی؟

✓(A) ۱۸۸۵ء میں (B) ۱۸۸۶ء میں (C) ۱۸۵۹ء میں (D) ۱۹۰۶ء

5۔ مسلم لیگ کس نے قائم کی؟

(A) سرسید احمد خاں (B) نواب محسن الملک (C) قائداعظم ✓(D) نواب وقار الملک

6۔ مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں؟

(A) ایک ✓ (B) دو (C) چار (D) آٹھ

7۔ کانگرس نے نہرو رپورٹ کب شائع کی:

(A) 1927ء ✓(B) 1928ء (C) 1929ء (D) 1930ء

## اہم مختصر سوالات

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجئے۔

سوالنمبر1: مسلمانوں کو اپنے دینی معاملات میں اپنی آزادی کب ختم ہوتی نظر آئی؟ سوالنمبر2: سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہوسکا؟ سوالنمبر3: تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟ سوالنمبر4: علامہ اقبالؒ نے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟ سوالنمبر5: اہلِ مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی ہے؟ سوالنمبر6: مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟ سوالنمبر7: نظریۂ پاکستان کا مقصد کیا ہے؟ سوالنمبر8: شُدھی اور سنگھٹن کی تحریکوں کے مقاصد کیا تھے؟ سوالنمبر9: سرسید کے کس دوست نے مسلم لیگ کی بنیاد رکھی اور مسلم لیگ کب قائم ہوئی؟

## اہم پیرا گراف

**پیرا گراف نمبر ۱:** مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہو گئی تھی۔

☆☆☆☆☆☆

# 5۔ پرستان کی شہزادی (اشرف صبوحی)

## اہم معروضی سوالات

☆: متن کی روشنی میں درست جواب پر نشان (✓) لگائیں۔

1۔ سبق ''پرستان کی شہزادی'' کس مصنف کی تحریر ہے؟

(A) شاہ احمد دہلوی (B) ہاجرہ مسرور (C)✓ اشرف صبوحی (D) سجاد حیدر یلدرم

2۔ قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں، سیدانی بی کے سامنے:

(A) کام کرتی تھیں (B) کھڑی رہتی تھیں (C) دم نہ مارتی تھیں (D)✓ کان پکڑتی تھیں

3۔ پرستان کے بادشاہ نے سیّدانی بی کو بلایا تھا:

(A)✓ بیٹی کا جہیز ٹانکنے کو (B) انعام دینے کو (C) بیٹی کو سینا پرونا سکھانے کو (D) بیٹی کی شادی میں شرکت کرنے کے لیے

4۔ سیّدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا:

(A) زردہ (B)✓ بونٹ پلاؤ (C) فیرنی (D) بریانی

5۔ پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے:

(A)✓ بالشت بھر (B) چھ فٹ (C) ایک ایک فٹ (D) گز بھر

6۔ پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں کیا ملا؟

(A) روپیا پیسا (B) کنکر پتھر (C) خلعت اور زیورات (D)✓ جواہرات

7۔ ایک وقت تھا کہ..................میں سیّدانی بی کا بڑا مقام تھا۔

(A)✓ قلعہ (B) محل (C) دربار (D) گھر

8۔ سیّدانی بی کو مغلانی کا پیشہ اختیار کرنا پڑا کیوں کہ............۔

(A) اس کے والدین فوت ہوگئے (B) تجارت میں خسارہ ہوگیا ✓ (C) وہ بیوہ ہوگئیں (D) وہ بوڑھی تھیں

9۔ اس نے کہاروں سے کہا: ''کم بختو! منہ سے کچھ تو............۔

(A) کہو (B)✓ پھوٹو (C) بولو (D) کھاؤ

10۔ پرستان میں اسے.................لے کر گیا۔

(A)✓ جن (B) پری زاد (C) فرشتہ (D) براق

11۔ بادشاہ نے اسے.................انعام میں دیے۔

(A) زیورات (B)✓ جواہرات (C) ملبوسات (D) روپیہ پیسا

12۔ سیدانی بی کا خاندان تباہ ہوگیا تھا۔

(A) سیلاب میں (B) زلزلے میں (C) فسادات میں (D)✓ مرہٹہ گردی میں

## اہم مختصر سوالات

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 1: سیّدانی بی نے گزر اوقات کے لیے کون سا پیشہ اختیار کیا؟ سوال نمبر 2: میر صاحب اور ان کی بیوی سیّدانی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟ سوال نمبر 3: پرستان کے بادشاہ نے سیّدانی بی کو کس کام کے لیے بلوایا تھا؟ سوال نمبر 4: بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟ سوال نمبر 5: پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟ سوال نمبر 6: سیّدانی بی کی شخصیت پر تین جملے تحریر کیجیے۔

☆☆☆☆☆☆

# 6۔ اُردو ادب میں عیدالفطر (ڈاکٹر وحید قریشی)

## اہم معروضی سوالات

☆: درست جواب کی نشاندہی (✓) سے کیجیے۔

1۔ یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ ''ہلالِ عید کی گردُوں پہ آمد آمد ہے''

(A) اقبالؒ (B) حفیظ جالندھری (C)✓ عبدالمجید سالک (D) حالؔی

2۔ حسن نظامی نے دِلّی کے جو نوحے لکھے، ان میں کون سی چیز نمایاں ہے؟

(A)✓ عظمتِ رفتہ (B) احساسِ شادمانی (C) عبرت انگیزی (D) لُطف و مسرت

3۔ عیدالفطر کے موقع پر مُسلم معاشرے کے کس طبقے کو سب سے زیادہ مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

(A) اُمرا (B) غُربا (C) ✓ متوسط (D) سفید پوش

4۔ شاعر نے ''لذّت افزائے شورِ طفلی'' میں کس کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(A) بادل (B) ستارے (C)✓ عیدالفطر کا چاند (D) نمازِ عیدالفطر

5۔ ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی:

(A) غزلوں کی طرف ✓(B) نظموں کی طرف (C) مرثیے کی طرف (D) شہرآشوب کی طرف

6۔ سبق ''اردو ادب میں عید الفطر'' کے مصنف ہیں:

(A) مولوی عبدالحق ✓(B) ڈاکٹر وحید قریشی (C) شفیع عقیل (D) رشید احمد صدیقی

7۔ اقبالؒ کے ہاں ہلالِ عید صرف ہمیں خوش ہی نہیں کرتا بلکہ:

✓(A) ہنسی بھی اڑاتا ہے (B) رُلاتا بھی ہے (C) ڈراتا بھی ہے (D) آزماتا بھی ہے

## ﴿ اہم مختصر سوالات ﴾

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر1: عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟ سوال نمبر2: عید الفطر پر نظموں میں، شعرا نے کیا باریکیاں پیدا کی ہیں؟ سوال نمبر3: اس سبق کی روشنی میں اردو شعرا نے عید الفطر کے جن متعدد پہلوؤں پر اظہارِ خیال کیا ہے، ان میں سے کوئی سے تین پہلوؤں / موضوعات کے نام لکھیے۔ سوال نمبر4: عید الفطر کے موقع پر شہزادوں اور شہزادیوں کا ذکر کرتے ہوئے، خواجہ حسن نظامی نے کیا نکتہ اُجاگر کیا ہے ؟ سوال نمبر5: اردو شعرا نے ہر دور میں عید الفطر کو موضوعِ سخن کیوں بنایا؟ سوال نمبر6: کون سی چیز اقبالؒ کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے؟ سوال نمبر7: ''مہِ صیام گیا اور روزِ عید آیا'' یہ اردو کے کس معروف شاعر کا مصرع ہے؟ سوال نمبر8: عید کی شاعری کا ہماری شعری روایات سے کیا تعلق ہے؟

☆☆☆☆☆☆

# 7۔ مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (سجاد حیدر یلدرم)

## ﴿ اہم معروضی سوالات ﴾

☆: سبق کے متن کو مدنظر رکھ کر درست جواب پر نشان (✓) لگائیں۔

1۔ آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟

(A) تین (B) پانچ ✓(C) سات (D) نو

2۔ مصنف نے کس مصیبت کو فقیر کے لیے نعمت تصور کیا ہے؟

(A) روٹی کی محتاجی ✓(B) دوست نہ ہونا (C) غریب الوطنی (D) بھیک مانگنا

3۔ مصنف نے کس دوست کو بھڑ بھڑیا دوست کہا ہے؟

(A) محمد تحسین ✓(B) احمد مرزا (C) قرض خواہ دوست (D) مقدمے باز دوست

4۔ شاکر صاحب مصنف کو لے گئے:

✓(A) سلیم پور (B) دِلّی (C) جے پور (D) شاہ پور

5۔ مصنف کا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے:

✓(A) احمد مرزا (B) شاکر صاحب (C) قرض خواہ دوست (D) محمد تحسین

6۔ مصنف نے دوست اُنھیں راجا صاحب سے ملوانے کہاں لے جانا چاہتے تھے؟

(A) جام نگر ✓(B) احمد نگر (C) الہ آباد (D) احمد آباد

7۔ مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی:

(A) باغ میں (B) چٹیل میدان کی طرف ✓(C) پائیں باغ میں (D) دریا کی سمت

8۔ چاندنی چوک میں صدا لگانے والا فقیر............تھا۔

(A) بھوکا (B بیمار ✓ (C) غریب الوطن (D) بوڑھا

9۔ احمد مرزا کی خِلقت میں داخل ہے کہ دو منٹ............نہیں بیٹھا جاتا۔

(A) خاموش ✓(B) نچلا (C) پُرسکون (D) سیدھا

10۔ مصنف کو لکھنے پڑھنے سے منع کرنے والے دوست کا نام............ہے۔

(A) احمد مرزا (B) محمد تحسین ✓ (C) شاکر خاں (D) محمد سلیم

11۔ احمد نگر کے رئیس کا نام............ہے۔

(A) شاکر خاں (B) احمد علی ✓(C) طالب علی (D) احمد مرزا

12۔ میرے............دوست کا نام شاکر خاں ہے۔

✓(A) ادب پسند (B) مقدمے باز (C) شکاری (D) قرض خواہ

13۔ ''مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ'' مصنف کی کس تصنیف سے لیا گیا ہے۔

(A) گنجینۂ گوہر (B) اردو نثر کے میلانات ✓(C) خیالستان (D) پنجابی لوک داستانیں

## اہم مختصر سوالات

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 1: چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لُبِّ لُباب کیا تھا؟ سوال نمبر 2: مصنف پر اس فقیر نے کیا اثر کیا؟ سوال نمبر 3: مصنف کو اپنے بے تکلف دوست بھڑ بھڑیا سے کیا شکایت ہے؟ سوال نمبر 4: محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟ سوال نمبر 5: مصنف کے کون سے دوست ادب کے زیادہ دل دادہ ہیں؟ سوال نمبر 6: مصنف کس بنا کر فقیر کو اپنے آپ سے زیادہ خوش نصیب کہتا ہے؟

☆☆☆☆☆☆

# 8۔ مُلَمَّع (ہاجرہ مسرور)

## اہم معروضی سوالات

☆: متن کی روشنی میں درست جواب پر نشان (✓) لگائیں۔

1۔ سبق ''مُلَمَّع'' کے مآخذ کا نام کیا ہے؟

(A) وہ لوگ ✓(B) سب افسانے میرے (C) ہائے اللہ (D) چوری چھپے

2۔ جب لڑکی ریلوے سٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی؟

✓(A) پندرہ منٹ (B) آدھا گھنٹہ (C) ایک گھنٹا (D) چند منٹ

3۔ سبق ''مُلَمَّع'' اصنافِ ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟

(A) داستان ✓(B) افسانہ (C) مضمون (D) ناول

4۔ ''مُلَمَّع''، کس کی تحریر ہے؟

(A) خدیجہ مستور ✓(B) ہاجرہ مسرور (C) سجاد حیدر یلدرم (D) اشرف صبوحی

5۔ لڑکی نے قلی کو کتنی رقم دی؟

✓(A) اَٹھنّی (B) ایک روپیا (C) پانچ کا نوٹ (D) دس روپے

6۔ لڑکی کے سفر کا مقصد تھا:

(A) سیر سپاٹا ✓(B) بیمار چچا کی عیادت (C) خالہ زاد بہن کی شادی میں شرکت (D) چھٹیاں گزارنا

7۔ لڑکی نے ریل کا سفر کس درجے میں کیا؟

✓(A) انٹر (B) اوّل (C) دوم (D) اے سی

8۔ لڑکی سیاہ ریشمی برقعے میں لپٹی کس کے سامنے کھڑی تھی۔

(A) دکان کے سامنے ✓(B) ریلوے ٹکٹ گھر کے سامنے (C) ابا کے سامنے (D) آئینے کے سامنے

## ﴿اہم مختصر سوالات﴾

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 1: قلی نے لڑکی کو پلیٹ فارم پر بیٹھ جانے کے لیے کہا تو اس پر لڑکی نے کس رویّے کا اظہار کیا؟ سوال نمبر 2: لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟ سوال نمبر 3: گھر والوں نے عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اس پر لڑکی نے کیا جواب دیا؟ سوال نمبر 4: لڑکی سٹیشن پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟ سوال نمبر 5: لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی، اس کا ماحول کیسا تھا؟

☆☆☆☆☆☆

# 9۔ چُغل خور (شفیع عقیل)

## ﴿اہم معروضی سوالات﴾

☆: سبق ''چغل خور'' کے متن کو سامنے رکھ کر درست جواب پر نشان (✓) لگائیں۔

1۔ سبق ''چغل خور'' مصنف کی کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

✓(A) پنجابی لوک داستانیں (B) چینی لوک کہانیاں (C) پنجاب کی لوک کہانیاں (D) جاپانی لوک کہانیاں

2۔ چغل خور کہاں رہتا تھا؟

✓(A) گاؤں میں (B) قصبے میں (C) شہر میں (D) بیرونِ ملک

3۔ چغل خور گاؤں کو چھوڑ کر چغل خور کہاں پہنچا؟

✓(A) دوسرے گاؤں (B) دوسرے شہر (C) بڑے قصبے (D) دبئ

4۔ چغل خور کون سا کام جانتا تھا؟

(A) لکڑی کا (B) معماری کا (C) لوہے کا ✓(D) کھیتی باڑی کا

5۔ چغل خور نے روٹی کپڑے کے علاوہ تنخواہ کے بجائے کیا رعایت مانگی؟

✓(A) چھے ماہ بعد ایک چغلی کھانے کی (B) ہر عید پر دس چھٹیاں (C) ایک سو روپے (D) دو سو روپے نقد اور ایک چغلی

6۔ چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے؟

✓(A) نمکین (B) میٹھا (C) کھٹا (D) کڑوا

7۔ چغل خور اس لیے نہیں مانتا کہ وہ چغل خور ہے کہ:

(A) اسے ملازمت نہیں ملتی (B) وہ اسے جھوٹ سمجھتا ہے ✓(C) کسان کے بھائیوں اور سالوں سے ڈرتا ہے

(D) اسے اپنی بے عزتی سمجھتا ہے

8۔ چغل خور کو چغل خور کہیں تو وہ:

(A) لڑ پڑتا ہے (B) بھاگ جاتا ہے ✓ (C) ناراض ہو جاتا ہے (D) شرمسار ہو جاتا ہے

9۔ چغلی کھانا چغل خور کی.................ہوتی ہے۔

(A) فطرت ✓(B) عادت (C) جَبِلَّت (D) خصلت

10۔ چغل خور نے کسان کی بیوی کو بتایا کہ وہ.................ہو گیا ہے۔

(A) باؤلا ✓(B) کوڑھی (C) پاگل (D) بیمار

11۔ چغل خور نے کسان سے.................بعد ایک چغلی کھانے کی اجازت مانگی۔

(A) ایک ماہ ✓(B) چھے ماہ (C) نو ماہ (D) ایک سال

12۔ چغل خور کی چغل خوری کا نتیجہ.................کی صورت میں نکلا۔

(A) طلاق ✓(B) سر پھٹوّل (C) قتل و غارت (D) لڑائی جھگڑا

13۔ چغل خور کا سرمایہ کیسے ختم ہو گیا۔

(A) گم ہو گیا (B) کسان نے چھین لیا (C) کسان کی بیوی نے لے لیا ✓(D) تھوڑا تھوڑا کر کے

14۔ کسان کی بیوی نے کسان کی کلائی پکڑ لی:

(A) کود کر ✓(B) لپک کر (C) اچھل کر (D) جھپٹ کر

## ......《 اہم مختصر سوالات 》......

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 1: کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟ سوال نمبر 2: چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہ کر بدگمان کیا؟ سوال نمبر 3: ہر چغل خور کس بات کو ماننے سے انکار کرتا ہے؟ سوال نمبر 4: چغل خور کو اپنی بُری عادت سے کیا نقصان اٹھانا پڑا؟ سوال نمبر 5: لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجیے۔ سوال نمبر 6: چغل خور نے کسان سے کس بات کی اجازت مانگی تھی؟

☆☆☆☆☆☆

# 10۔ نام دیو مالی (مولوی عبدالحق)

## ......《 اہم معروضی سوالات 》......

☆: سبق کے متن کو مدنظر رکھ کر درست جواب پر (✓) نشان لگائیے۔

1۔ سبق ''نام دیو مالی'' کس کتاب سے لیا گیا ہے؟
✓(A) چند ہم عصر (B) مقدماتِ عبدالحق (C) خطباتِ عبدالحق (D) بزمِ خوش نفساں

2۔ مقبرہ رابعہ دورانی کہاں واقع ہے؟
(A) دِلّی میں ✓(B) اورنگ آباد میں (C) حیدرآباد میں (D) الٰہ آباد میں

3۔ باغ کے داروغہ کون تھے؟
(A) سید سراج الحسن (B) مولوی عبدالحق ✓(C) عبدالرحیم فینسی (D) ایوب عباسی

4۔ نام دیو بڑی تندہی سے اپنے کام میں مصروف اور مگن رہتا تھا، اس کی وجہ تھی:
(A) تنخواہ کا لالچ (B) افسران کی خوشی (C) بے عزتی کا خوف ✓(D) اپنے کام سے محبت

5۔ مصنف نے کس چیز کو بے کار کہا ہے؟
(A) جبری مشقت ✓(B) بے مزہ کام (C) محض حکم کی تعمیل (D) ڈر کام کرنے کو

6۔ مصنف نے انسان کی فطری کمزوری کی بنا پر اسے کہا ہے:
(A) کاہل اور نکما (B) نکما اور کام چور ✓(C) کاہل اور کام چور (D) دلیر مگر سُست

7۔ گدلا پانی پودوں کے لیے تھا:
(A) ضرر رساں (B) بے سود (C) مفید ✓(D) آبِ حیات

8۔ درجۂ کمال تک پہنچنے کے لیے ضروری ہے:
(A) جدوجہد ✓(B) صلاحیت (C) خوش بختی (D) وسائل کا ہونا

9۔ ڈاکٹر سراج الحسن کی ایک خوبی یہ تھی کہ وہ تھے:
(A) نبّاض (B) فیّاض ✓(C) مردم شناس (D) خوش مزاج

10۔ سب محنت کش:
✓(A) کام میں لگ گئے (B) متحد ہو گئے (C) تعمیر وطن پہ لگ گئے (D) گلے ملے

11۔ نام دیو مالی کے چہرے پر رہتی تھی:
(A) مسکراہٹ ✓(B) بشاشت (C) سلوٹ (D) زردی

12۔ نام دیو مالی ذات کا تھا:
(A) جاٹ (B) میراثی ✓(C) ڈھیڑ (D) جولاہا

## ......《 اھم مختصر سوالات 》......

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔

سوال نمبر1: نام دیو مالی نے پانی کی قلّت کے زمانے میں چمن کو کیسے شاداب رکھا؟ سوال نمبر2: نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟ سوال نمبر3: لوگ بچوں کے علاج کے لیے نام دیو کے پاس کیوں آتے تھے؟ سوال نمبر4: نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟ سوال نمبر5: مصنف کے خیال میں اچھا انسان کیسے بنا جا سکتا ہے؟ سوال نمبر6: نا دیو مالی کے اوصاف میں سب سے نمایاں وصف کیا ہے؟

## اہم پیرا گراف

**پیرا گراف نمبر ۱:** ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ بھاگ کر چھپ گئے۔ نام دیو کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا۔ اُسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلڑ اُس غریب پر ٹوٹ پڑا۔ اتنا کاٹا اتنا کاٹا کہ بے دم ہو گیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔

☆☆☆☆☆☆

# 11۔ علی بخش (قدرت اللہ شہاب)

## اہم معروضی سوالات

☆: سبق ''علی بخش'' کے متن کو مدنظر رکھ کر درست جواب پر نشان (✓) لگائیں۔

1۔ قبضہ نہیں ملتا تو کھائے..................۔

(A) خصم کو ✓(B) کڑھی (C) کھیر (D) دھوپ

2۔ علی بخش کے مطابق اقبالؒ اکثر............گنگناتے تھے۔

(A) مسلماں کے لہو میں (B) خودی کو کر بلند اتنا ✓(C) کبھی اے حقیقتِ منتظر (D) تُو رہ نورد شوق ہے

3۔ ڈاکٹر صاحب بڑے..........آدمی تھے۔

(A) عالم ✓(B) درویش (C) سیاسی (D) دانشور

4۔ پھر علی گڑھ سے ایک..........لیڈی آ گئی۔

(A) فرنچ (B) انڈین (C) انگلش ✓(D) جرمن

5۔ کپتان مہابت خاں، علی بخش کو ایک نہایت مقدس............کی طرح عقیدت سے چھو کر اپنے سینے سے لگا لیتا ہے۔

✓(A) تابوت (B) کتاب (C) چیز (D) امانت

6۔ سبق ''علی بخش'' کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

✓(A) شہاب نامہ (B) نفسانے (C) ماں جی (D) یا خدا

7۔ مصنف کام کے سلسلے میں کہاں گئے تھے؟

✓(A) لاہور (B) لائل پور (C) شیخوپورہ (D) جھنگ

8۔ علی بخش کو زمین کہاں دی گئی تھی؟

(A) جھنگ ✓(B) لائل پور (C) لاہور (D) خانیوال

9۔ آخری عمر میں علامہ محمد اقبالؒ کا کھانا پینا کم ہو گیا تھا۔

(A) بڑھاپے کی وجہ سے (B) دمے کی وجہ سے ✓(C) گلے کی خرابی کی وجہ سے (D) معدے کی خرابی کی وجہ سے

10۔ علی بخش کے مطابق ڈاکٹر محمد اقبالؒ کی پسندیدہ خوراک کیا تھی؟

(A) پلاؤ (B) سیخ کباب ✓(C) پلاؤ اور سیخ کباب (D) چپلی کباب اور زردہ

11۔ حکومت نے علی بخش کو کتنی زمین الاٹ کی؟

(A) آدھا مربع ✓(B) ایک مربع (C) دو مربعے (D) تین مربے

12۔ علامہ محمد اقبالؒ کون سا پھل پسند کرتے تھے؟

(A) انگور (B) لوکاٹ ✓(C) آم (D) خوبانی

13۔ علامہ محمد اقبالؒ رات کتنے بجے جانماز پر جا بیٹھتے؟

(A) ایک بجے (B) دو بجے (C) اڑھائی بجے ✓(D) دو اڑھائی بجے

14۔ ڈاکٹر محمد اقبالؒ کو سوتے ہوئے جھٹکا لگتا تو کیا کرتے تھے؟

(A) دوائی لے لیتے ✓(B) علی بخش سے گردن کے پٹھے دبواتے (C) سو جاتے (D) بے چین ہو کر ٹہلنے لگتے

15۔ قدرت اللہ شہاب نے علی بخش کو ایک رات اپنے پاس کس شہر میں رکھا:

(A) لاہور (B) سیالکوٹ (C) ملتان ✓(D) جھنگ

## ......﴿ اہم مختصر سوالات ﴾......

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔

سوال نمبر1: علی بخش سے مصنف کی کیسے ملاقات ہوئی؟ سوال نمبر2: علی بخش کو ایک مربّع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟ سوال نمبر3: مصنف کے ساتھ کار میں بیٹھتے ہوئے علی بخش کے دل میں کیا وہم تھا؟ سوال نمبر4: ایک سینما کے سامنے بھیڑ دیکھ کر علی بخش نے کیا کہا؟ سوال نمبر5: شیخو پورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

☆☆☆☆☆☆

# 12۔ اِستنبول (حکیم محمد سعید)

## ......﴿ اہم معروضی سوالات ﴾......

☆: سبق ''اِستنبول'' کا متن مدِّ نظر رکھ کر درست جواب پر نشان (✓) لگائیں۔

1۔ سبق ''اِستنبول'' کس کی تحریر ہے؟

(A) اختر ریاض الدین ✓(B) حکیم محمد سعید (C) قدرت اللہ شہاب (D) شفیع عقیل

2۔ مسجد سلیمانیہ کس نے تعمیر کرائی؟

(A) سلطان مراد ✓(B) سنان (C) سلیم ثانی (D) سلطان عبدالحمید

3۔ ایا صوفیہ کے برابر کیا ہے؟

(A) عجائب گھر (B) کتاب خانہ ✓(C) قبرستان (D) فوجی عجائب خانہ (اوقاف)

4۔ مسلمانوں نے استنبول پر پہلا حملہ کب کیا؟

✓(A) ۶۷۲ء (B) ۶۷۱ء (C) ۶۷۳ء (D) ۶۷۷ء

5۔ مسلمانوں نے اِستنبول کا محاصرہ کتنے سال بعد اٹھایا؟

(A) پانچ ✓(B) سات (C) آٹھ (D) نو

6۔ اِستنبول کا فاتح کون ہے؟

(A) حضرت ابوایوب انصاریؓ ✓(B) سلطان محمد فاتح (C) مرادثانی (D) سلطان سلیمان

7۔ اِستنبول کوکس کا گھر کہا جاتا ہے؟

(A) عجائب گھروں کا ✓(B) مسجدوں کا (C) کتب خانوں کا (D) مقبروں کا

8۔ مسجد سلیمانیہ کے ساتھ کُتب خانے میں کتنے قلمی نسخے ہیں؟

(A) تیس ہزار (B) پچاس ہزار ✓(C) ایک لاکھ (D) ڈیڑھ ہزار

9۔ سلطان محمد فاتح گھوڑے سے اتر کر..........میں داخل ہوا۔

(A) مسجد (B) غار (C) محل ✓(D) کلیسا

10۔ پورے شہر میں..........مساجد ہیں۔

(A) چارسو ✓(B) پانچ سو (C) چھے سو (D) ایک ہزار

11۔ ترکی کے وزیرِ اعظم جناب ترگت اوزال ہمارے..........تھے۔

(A) ہمراہ ✓(B) میزبان (C) مہمان (D) مہربان

12۔ سلیمانیہ سے ملحق ایک بڑا..........ہے۔

✓(A) کتب خانہ (B) مدرسہ (C) کالج (D) عجائب گھر

13۔ جامع سلطان احمد اپنے..........میناروں کی وجہ سے مشہور ہے۔

(A) چار ✓(B) چھ (C) آٹھ (D) دس

## ......﴿ اہم مختصر سوالات ﴾......

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔

سوالنمبر1: اِستنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا ہے؟ سوالنمبر2: ایاصوفیہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصر تحریر کیجیے۔ سوالنمبر3: ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟ سوالنمبر4: ''توپ کاپی'' میوزیم کا تعارف اپنے الفاظ میں کرایئے۔ سوالنمبر5: مصنف کے شریکِ سفر دوستوں کے نام تحریر کیجیے۔ سوالنمبر6: مسجد سلیمانیہ کس نے تعمیر کرائی؟

## ......﴿ اہم پیرا گراف ﴾......

**پیرا گراف نمبر۱:** سلیمانیہ سے ملحق ایک بڑا کتب خانہ ہے۔ یہاں مخطوطات کا سب سے بڑا ذخیرہ محفوظ ہے۔ اندازے کے مطابق ایک لاکھ قلمی کتابیں یہاں ہیں اور نہایت ترتیب و تنظیم سے رکھی ہوئی ہیں۔ جب میں اپنے رفیقوں کو باسفورس، گولڈن ہارن اور ایاصوفیہ کی سیر کراتا ہوا یہاں سے سلیمانیہ میں لایا تو سب کی حیرت و مسرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ ہم سب نے یہاں اچھا خاصا وقت صرف کیا۔

☆☆☆☆☆☆

## 13۔ خطوطِ غالبؔ (مرزااسداللہ خاں غالبؔ)

### ﴿اہم معروضی سوالات﴾

☆: درست جواب پرنشان (✓) لگائیے۔

1۔ میر مجروحؔ کے خط میں کس کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے؟
(A) میر مجروح ✓(B) میر نصیرالدین (C) میرن (D) شاہ محمد عظیم

2۔ ’’پون ٹوٹی‘‘ (چنگی) کس چیز پر معاف تھی؟
(A) ترکاری اور پھل ✓(B) اناج اور اُپلے (C) غلہ اور ترکاری (D) پھل اور اُپلے

3۔ مرزا غالبؔ کو تفتہؔ کا خط کہاں سے آتا تھا؟
(A) کلکتہ (B) سکندرآباد ✓(C) کول (D) آگرہ

4۔ کس شخص نے کتابوں کی شیرازہ بندی کے بارے میں مرزا کو خط لکھا تھا؟
(A) تفتہ (B) میرن (C) میر مہدی مجروح ✓(D) شیونرائن

5۔ دوسرے خط کے مطابق مرزا غالبؔ کو کتنی کتابیں موصول ہوئیں؟
(A) بیس ✓(B) تینتیس (C) تیس (D) تینتالیس

6۔ مرزا غالب نے تفتہؔ کو دوسرا خط کب لکھا؟
(A) ۳۔نومبر ۱۸۵۸ء (B) ۱۳۔نومبر ۱۸۵۷ء ✓(C) ۱۳۔نومبر ۱۸۵۸ء (D) ۲۳۔نومبر ۱۸۵۸ء

7۔ مرزا غالبؔ کو حاکم اکبر سے کس چیز کی توقع ہے؟
(A) انعام (B) پنشن (C) وظیفہ ✓(D) خلعت

8۔ ’’کول‘‘ کس شہر کا پرانا نام ہے:
✓(A) علی گڑھ (B) دہلی (C) آگرہ (D) لکھنؤ

### ﴿اہم مختصر سوالات﴾

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 1: مرزا غالبؔ نے میر مہدی حسین مجروحؔ کو خط، بیرنگ کیوں بھیجا؟ سوال نمبر 2: مرزا غالبؔ نے میر مہدی مجروحؔ کو خط کب لکھا؟

سوال نمبر 3: کون سی دو چیزوں پر محصول وصول نہیں کیا جاتا تھا؟ سوال نمبر 4: مرزا غالبؔ نے کتابوں پر کیا رائے دی ہے؟

سوال نمبر 5: تفتہؔ نے غالبؔ کو خط کہاں سے لکھا تھا؟ سوال نمبر 6: مرزا غالبؔ کے تیسرے خط میں مجتہد العصر سے کون سی شخصیت مراد ہے؟

☆☆☆☆☆☆

# 14۔ خطوطِ رشید احمد صدیقی (رشید احمد صدیقی)

## اہم معروضی سوالات

☆: سبق ''خطوط رشید احمد صدیقی'' کا متن مدنظر رکھ کر درست جواب پر نشان (✓) لگائیں۔

1۔ رشید احمد صدیقی نے اپنے خوابوں کی تعبیر............ میں پائی۔
(A) کلکتہ ✓(B) علی گڑھ (C) دہلی (D) بمبئی

2۔ سید بشیر الدین لائبریری کے مہتمم کے علاوہ............ بھی تھے۔
(A) متعلم (B) معلم ✓(C) علم کے متلاشی (D) پرنسپل

3۔ رشید احمد صدیقی بشیر احمد صاحب کو مزید لکھنا چاہتے تھے، مگر............۔
(A) انہیں نیند آگئی ✓(B) وہ تھک گئے (C) ایک اور کام میں مصروف ہوگئے (D) مہمان آگئے

4۔ صدیقی صاحب نے............ کے والد صاحب کی وفات پر انھیں تعزیتی خط لکھا۔
✓(A) ظہیر احمد صدیقی (B) ڈاکٹر محمد حسن (C) سید بشیر الدین (D) شاہ محمد عظیم

5۔ رشید احمد صدیقی کو ۲۴۔فروری ۱۹۷۳ء کو ایک............ ملی۔
✓(A) خوش خبری (B) رجسٹری (C) بدخبری (D) سند

6۔ رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے؟
(A) دِلّی ✓ (B) علی گڑھ (C) لاہور (D) لکھنؤ

7۔ رشید احمد صدیقی نے اپنے خط میں کس کے گراں بار احسانات کا شکریہ ادا کیا؟
(A) مولانا ضیا احمد ✓(B) ڈاکٹر محمد حسن (C) ظہیر احمد صدیقی (D) سید بشیر الدین

8۔ رشید احمد صدیقی نے خط میں کس کے سانحۂ رِحلَت کا ذکر کیا ہے؟
✓(A) مولانا ضیا احمد (B) بیگم ڈاکٹر محمد حسن (C) برادر سید بشیر الدین (D) بیگم سید بشیر الدین

9۔ مکتوب نگار نے اپنے خط بنام ڈاکٹر محمد حسن میں کس خوش خبری کا ذکر کیا ہے؟
(A) غالب ایوارڈ ملنے کی (B) تصنیف پر نقد رقم ملنے کی (C) محکمانہ ترقی کی
✓(D) ساہتیہ اکادمی کی طرف سے ملنے والے اعزاز کی

10۔ خط بنام پروفیسر بشیر الدین میں کن لوگوں کی احترام کرنے کی صلاحیت سے محرومی کا ذکر کیا ہے؟
(A) علم و عمل سے خالی (B) احترام کے مفہوم سے نابلد ✓(C) علی گڑھ کی ناقدری کرنے والے (D) مادیت پسند

11۔ ''بہت کچھ اور لکھنا چاہتا تھا لیکن تھک گیا'' صدیقی صاحب نے یہ جملہ کس کے نام لکھا؟
(A) ظہیر احمد صدیقی ✓(B) سید بشیر الدین (C) ڈاکٹر محمد حسن (D) مولانا ضیا احمد

12۔ ''گنج ہائے گراں مایہ'' کس مصنف کی تصنیف ہے؟
(A) ظہیر احمد صدیقی (B) سید بشیر الدین ✓(C) رشید احمد صدیقی (D) ڈاکٹر وحید قریشی

### ﴾ اہم مختصر سوالات ﴿

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجئے۔

سوالنمبر1 : رشید احمد صدیقی کے پہلے خط کے مخاطب کا نام کیا ہے؟ سوالنمبر2: ''خطوط کا جواب عموماً ہر روزہ دیتا ہوں'' اس سے کیا مراد ہے؟ سوالنمبر3: مکتوب نگار نے خاندانوں کی مشترک خصوصیات وروایات کا سرچشمہ کس چیز کو قرار دیا ہے؟ سوالنمبر4: ظہیر احمد صدیقی کے نام مکتوب میں کس شخصیت کی افادیت پر اظہارِ تعزیت کیا گیا ہے؟ سوالنمبر5: ڈاکٹر محمد حسن کا شکریہ کس بات پر ادا کیا گیا ہے؟

### ﴾ اہم پیرا گراف ﴿

**پیرا گراف نمبر ۱:** مولانا ضیا احمد صاحب مرحوم آپ کے والدِ محترم میرے اور کتنے ہی دوسروں کے رفیق و شفیق تھے۔مرحوم کے سانحۂ رحلت پر آپ کو اور ہم سب کو جو صدمہ ہوا ہے، اس کا اندازہ ہم سے، آپ سے زیادہ اور کس کو ہو سکتا ہے۔مرحوم کے سایۂ شفقت میں آپ زندگی کے معظمات سے بہرہ مند ہوئے اور سب کی نظروں میں ممتاز و مفتخر ہیں۔کتنی بڑی سعادت آپ کو نصیب ہوئی۔

**پیرا گراف نمبر ۲:** میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔اُردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع ور متنوع تھی، جس کے ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ناملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔بڑے شوق اور سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہار خیال فرماتے۔

☆☆☆☆☆☆☆

# سبق کا خلاصہ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ پرستان کی شہزادی | 2۔ مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ | 3۔ ملمع |
| 4۔ چغل خور | 5۔ نام دیو مالی | 6۔ علی بخش |

## ﴾ ......حصہ نظم...... ﴿

# نظم کا مرکزی خیال یا خلاصہ

1۔ حمد 2۔ میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت 3۔ فاطمہ بنتِ عبداللہ 4۔ کسان 5۔ مال گودام روڑ

## 1۔ میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت (میر انیسؔ)

### ﴾ اہم معروضی سوالات ﴿

☆: نظم ''میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت'' کا متن مدنظر رکھ کر درست جواب پر نشان (✓) لگائیں۔

1۔ ''میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(A) مرزا دبیر (B)✓ میر انیس (C) مولوی میر حسن (D) میر خلیق

2۔ نظم ''میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت'' صنف سخن کے لحاظ سے کیا ہے؟

(A) آزاد نظم (B) قصیدہ (C) شہرِ آشوب (D)✓ مرثیہ

3۔ شاعر گرمی کی شدت کا ذکر کرتے ہوئے لرزاں ہے کہ:
✓(A) زبان مثلِ شمع نہ جل اٹھے (B) خود اس شدت کا شکار نہ ہوجائے (C) بیان سے قاصر ہے (D) مبالغہ نہ ہوجائے

4۔ رن کی زمین سرخ تھی اور آسماں تھا:
(A) سبز (B) نیلا ✓(C) زرد (D) سرخ

5۔ زمین پر خلقِ خدا کس چیز کو ترس رہی تھی؟
(A) پانی کو ✓(B) آبِ خنک (C) ٹھنڈی ہوا کو (D) بادل کے سائے کو

6۔ دن کے مثالِ شب سیاہ ہونے کی وجہ کیا تھی؟
(A) آفتاب کی حدت ✓(B) دھوپ (C) تپش (D) لُو

7۔ نہنگوں پر گرمی کا کیا اثر تھا؟
(A) پسینے چھوٹ رہے تھے (B) بے ہوش تھے ✓(C) جان لبوں پر تھی (D) ہانپ رہے تھے

8۔ پتھر پگھل کر............ہوگئے تھے۔
(A) راکھ (B) خاک ✓(C) موم (D) کوئلہ

9۔ مُسدّس کا ہر بند............مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے۔
(A) دو (B) تین ✓(C) چھے (D) پانچ

10۔ گرمی کی شدت سے پتوں کا رنگ............ہوگیا۔
✓(A) زرد (B) سیاہ (C) سرخ (D) نیلا

11۔ شاعر نے درخت کے جلنے کو............سے تشبیہ دی ہے۔
(A) کوئلے (B) لکڑی ✓(C) چنار (D) راکھ

12۔ ............سے سورج کا چہرہ دھندلا گیا تھا۔
(A) غُبار ✓(B) بُخار (C) گرمی (D) دھند

## اہم مختصر سوالات

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 1: میر انیسؔ نے پہلے بند میں زبان کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟ سوال نمبر 2: دوسرے بند میں نہر کے لب سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 3: شاعر کے بیان کے مطابق دریائے فُرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر ہوا؟ سوال نمبر 4: شاعری میں میر انیسؔ کی وجہ شہرت کیا ہے؟

سوال نمبر 5: ہیئت کے اعتبار سے اس نظم (میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت) کو کیا کہیں گے؟

## اشعار کی تشریح

اڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات
گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر
بھُن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر
پانی تھا آگ، گرمی روزِ حساب تھی
ماہی جو سیخِ موج تک آئی، کباب تھی

☆☆☆☆☆☆

## 2۔ فاطمہ بنتِ عبداللہ (علامہ محمد اقبالؒ)

### اہم معروضی سوالات

☆: ہر بیان کے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1۔ نظم ''فاطمہ بنتِ عبداللہ'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟

✓(A) علامہ محمد اقبالؒ (B) حفیظ جالندھری (C) ظفر علی خاں (D) احسان دانش

2۔ یہ نظم کس مجموعۂ کلام سے لی گئی ہے؟

